AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

روزنامہ مسافت لاہور

DAILY MASAFAT LAHORE

بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 | پیر یکم شعبان 1445ھ 12 فروری 2024ء 30 ماگھ 2079ب | شمارہ نمبر 244

تمام حلقوں کے نتائج مکمل، پی ٹی آئی حمایت یافتہ امیدوار سرفہرست، ن لیگ کا دوسرا نمبر

پی ٹی آئی حمایت یافتہ آزاد امیدوار 93' مسلم لیگ ن کی 75، پیپلز پارٹی 54 نشستوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہی، ایم کیو ایم پاکستان نے 17، دیگر آزاد 8، جے یو آئی علمائے اسلام 4، آئی پی پی اور بی این پی نے 2،2 سیٹیں جیتیں

سندھ پیپلز پارٹی 84 نشستوں کیساتھ حکومت بنانے کی پوزیشن میں آ گئی' پنجاب میں ن لیگ 131 نشستوں کیساتھ حکومت بنانے سے چند قدم کی دوری پر کے پی میں 90 نشستوں پر آزاد امیدوار کامیاب' بلوچستان میں پیپلز پارٹی سرفہرست

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں پولنگ کے بعد نتائج آنے کا سلسلہ مکمل ہوگیا ہے اور تمام قومی و صوبائی اسمبلیوں کے نتائج سامنے آگئے ہیں۔ عام انتخابات 2024 کے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق قومی اسمبلی میں تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار 93 نشستیں لے کر سب سے آگے ہیں جب کہ مسلم لیگ ن 75 اور پیپلز پارٹی نے اب تک 54 نشستیں حاصل کی ہیں۔ اس کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان 17، دیگر آزاد امیدوار 8، مسلم لیگ (ق) 3، جمعیت علمائے اسلام 4، استحکام پاکستان پارٹی اور بلوچستان نیشنل پارٹی نے 2، 2 نشستیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، مسلم لیگ ضیا، نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پاکستان، بلوچستان عوامی پارٹی (بقیہ نمبر 33)

این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نتیجہ روک دیا گیا

ہمیں این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ اسٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، وکیل نواز شریف

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ریٹرننگ افسر (آر او) کو قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نتیجہ جاری کرنے سے روک دیا۔ این اے 15 مانسہرہ کے انتخابی نتائج میں مبینہ تبدیلی کے خلاف نواز شریف کی درخواست پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ وکیل نواز شریف نے مؤقف اپنایا کہ ہمیں این اے 15 مانسہرہ (بقیہ نمبر 34)

لاہور، مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف اور شہباز شریف سے خالد مقبول صدیقی کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ن لیگ، ایم کیو ایم متحدہ میں سیاسی تعاون پر اتفاق

ق لیگ حکومت میں شامل ہونے کو تیار

نوازشریف سے ایم کیو ایم وفد کی قیادت میں ملاقات' مشاورت کا سلسلہ تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہا، ملک وقوم کے مفاد کیلئے مل کر چلا جائے گا، اس تناظر میں ن لیگ اور ایم کیو ایم میں بنیادی نکات طے پا گئے' ترجمان ن لیگ مریم اورنگزیب

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے ساتھ ق لیگ کے تعلقات بہتر ہیں، ن لیگ کیساتھ ق لیگ کی سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہونے پر بھی تعلقات استوار رہے، آصف زرداری سے بھی اچھے تعلقات ہیں، ق لیگ وفاق اور پنجاب میں حکومت کا حصہ ہوگی' ذرائع

لاہور(این این آئی) جاتی امرا میں مسلم لیگ ن اور ایم کیو ایم کے قائدین کے درمیان ملاقات ہوئی۔ ترجمان مسلم لیگ ن کے مطابق مسلم لیگ ن اور ایم کیو ایم قائدین میں سیاسی تعاون پر اتفاق ہوا ہے۔ ترجمان ن لیگ مریم اورنگزیب کے مطابق نوازشریف اور ایم کیو ایم قیادت کے(بقیہ نمبر35)

لاہور، شہباز شریف ملاقات کیلئے آنیوالے متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کا خیر مقدم کر رہے ہیں

ن میں شامل نہیں ہورہا، بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑا ہوں' شہاب الدین

جھینہ گروپ سے کوئی تعلق نہیں' پی پی 280 سے آزاد حیثیت میں کامیاب ہونے والے امیدوار کا بیان

لاہور(نیوز رپورٹر) آزاد حیثیت میں صوبائی حلقہ پی پی 280 سے رکن اسمبلی منتخب ہونے والے سردار شہاب الدین سہڑ نے جھینہ گروپ سے تعلق کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں بانی پی ٹی آئی کی حمایت سے آزاد منتخب ہوا ہوں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر64)

پی ٹی آئی کی کارکنوں سے الیکشن میں مبینہ دھاندلی کیخلاف پرامن احتجاج کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنے کارکنوں کو عام انتخابات میں (بقیہ نمبر 35)

قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے کئی آزاد امیدوار (ن) لیگ میں شامل

این اے 48 سے راجہ خرم نواز، این اے 54 سے بیرسٹر عقیل ملک اور این اے 146 سے پیر ظہور حسین قریشی، این اے 189 سے سردار شمشیر مزاری

این اے 253 سے بیرسٹر میاں خان بگٹی' پی پی 48 سے خرم ورک، پی پی 49 سے رانا فیاض' پی پی 240 سے محمد سہیل نے ن لیگ میں شمولیت اختیار کرلی

لاہور(این این آئی) عام انتخابات 2024ء میں کامیاب ہونے والے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے 8 آزاد امیدواروں نے مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عام انتخابات کے نتائج کے بعد آزاد امیدواروں نے باقاعدہ طور پر سیاسی پارٹیوں میں شمولیت شروع (بقیہ نمبر65)

2018 میں الیکشن کے نتائج پانچ دن میں مرتب ہوئے تب کوئی مسئلہ نہیں تھا' عظمیٰ بخاری

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 67)

خواجہ آصف مسلسل ساتویں مرتبہ منتخب ہونے پر عوام کے مشکور

میری ترجیحات میں سیالکوٹ میں اعلیٰ تعلیم اور روزگار مواقع سرفہرست ہیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ آصف نے این اے 71 کی نشست جیتنے پر سیالکوٹ کی عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز کی بات ہے کہ باشعور عوام نے مجھے متواتر ساتویں مرتبہ اپنی نمائندگی کے لیے منتخب کیا۔ انہوں نے ٹوئٹ کرتے (بقیہ نمبر66)

الیکشن کمیشن نے متعدد قومی و صوبائی نشستوں کے حتمی نوٹیفکیشنز روک دیئے

پی ٹی آئی حمایت یافتہ آزاد امیدواروں سمیت متعدد نے انتخابی نتائج کو چیلنج کر دیا' الیکشن کمیشن نے قومی 10' صوبائی کی 16 نشستوں پر آر اوز کو حتمی نتائج سے روک دیا

این اے 28، این اے 49 اٹک، این اے 50 اٹک، این اے 55 راولپنڈی، این اے 63 اور این اے 65 کے نتائج بھی چیلنج کر دیے گئے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کو عام انتخابات 2024 میں قومی و صوبائی اسمبلی کے متعدد حلقوں پر امیدواروں کی کامیابی کے حتمی نوٹیفکیشنز جاری کرنے سے روک دیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے این اے 48 میں نتائج کی مبینہ تبدیلی پر سماعت کی۔ تحریک انصاف کے امیدوار علی بخاری کے وکیل نے دلائل دیے کہ علی بخاری فارم 45 کے مطابق کامیاب ہوئے، ریٹرننگ افسر نے ہماری استدعا کے برعکس فارم 47 جاری کر دیا، ہماری 50 ہزار کی لیڈ کو ختم کیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے استحکام پارٹی کے نامزد کامیاب آزاد امیدوار راجہ خرم نواز کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ریٹرننگ افسر کو اسلام آباد سے این اے 47 اور 48 کے حتمی نوٹیفکیشن جاری کرنے سے روک دیا۔ اسی طرح پی کے 73، پی کے 79، 80 اور پی کے 82 کے بھی نتائج کے خلاف سماعت ہوئی۔ الیکشن کمیشن نے (بقیہ نمبر 37)

پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا چیف الیکشن کمشنر سے فوری مستعفی ہونے کا مطالبہ

عزتِ نفس اور دستور و قانون کے احترام سے یکسر بے نیاز چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن جمہوریت پر کھلے ڈاکے میں مرکزی سہولت کار ہیں' ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کرانے کی آئینی ذمہ داری پوری کرنے میں مکمل ناکام ہوا، الیکشن کمیشن نے ن لیگ، پی پی' ایم کیو ایم کو سپورٹ کیا' امیر جماعت اسلامی

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف اور جماعت اسلامی نے چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین سے فوراً مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ ترجمان تحریک انصاف نے بیان میں کہا کہ دھاندلی کا لبادہ پہنا کر پی ڈی ایم ٹو کو دوبارہ عوام کے سروں مسلط کیا جا رہا ہے، تین روز پہلے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے نااہل مجرموں کے اس ٹولے کو ہی اپنے ووٹ کے ذریعے مسترد کیا جس نے 16 ماہ کے دوران عوام کو معاشی و انتظامی تباہی اور بدترین مہنگائی کی دلدل میں پھینکا۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ عزتِ نفس اور دستور و قانون کے احترام سے یکسر بے نیاز چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن جمہوریت پر کھلے ڈاکے میں مرکزی سہولت کار ہیں، دستور پامال کرنے، قانون کی دھجیاں اڑانے، جمہوریت کو داغدار کرنے اور عوامی مینڈیٹ کی بےحرمتی کا دروازہ کھولنے والا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین (بقیہ نمبر 38)

وزیراعلیٰ محسن نقوی محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے دورے کے موقع پر ایف ایم ریڈیو صحت زندگی کا افتتاح کر رہے ہیں

فائرنگ سے زخمی ہونے والے محسن داوڑ کا اسپتال میں کامیاب آپریشن

پشاور(این این آئی) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ محسن داوڑ کا (بقیہ نمبر 39)

الیکشن کمیشن کو قومی اسمبلی کے 266 حلقوں میں سے 264 کے غیر سرکاری نتائج موصول

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن کو قومی اسمبلی کے 266 حلقوں میں سے 264 کے غیر سرکاری نتائج موصول ہوگئے۔(بقیہ نمبر 40)

کراچی، ہارنے والے آزاد امیدواروں کا قانونی جنگ لڑنے کا فیصلہ

سماجی کارکن ایڈووکیٹ جبران ناصر کی سربراہی میں 8 رکنی وکلا کی قانونی ٹیم کیسز دائر کرے گی، ذرائع

کراچی(این این آئی) کراچی میں انتخابات میں ہارنے والے آزاد امیدواروں نے قانونی جنگ لڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ سماجی کارکن ایڈووکیٹ جبران ناصر کی سربراہی میں 8 رکنی وکلا کی قانونی ٹیم کیسز دائر کرے گی، سیو گارڈ کراچی ووٹ وکلا پینل تمام جماعتوں کے امیدواروں(بقیہ نمبر 41)

پہلے ہی کہا تھا بلاول بھٹو تیسرے نمبر پر آئیں گے' عطا اللہ تارڑ

خوشی ہے انہوں نے مشکل حالات کے باوجود لاہور سے الیکشن لڑا، نتائج چیلنج کرنا ان کا حق ہے

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ میں نے پہلے ہی کہا تھا بلاول بھٹو حلقہ این اے 127 میں تیسرے نمبر پر آئیں(بقیہ نمبر 42)

مانسہرہ میں نواز شریف کو بلا کر ہروا کیوں دیا؟ کیپٹن (ر) صفدر

الیکشن لڑا ہے، اس لیے تو الیکشن کمیشن آئے ہیں، لیگی رہنما کا صحافی کے سوال پر جواب

مانسہرہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) صفدر الیکشن کمیشن پہنچے تو صحافی نے سوال کیا ہے کہ الیکشن لڑے تھے یا لڑوایا گیا جس پر کیپٹن (ر) صفدر نے جواب دیا ہے(بقیہ نمبر43)

لاہور، ن لیگ کلچر ونگ لاہور کی صدر سلوی رانا کارکنوں کے ہمراہ سیف الملوک کھوکھر کو کامیابی پر مبارکباد دے رہے ہیں

این اے 15: نوازشریف کی شکست، آر او کو حتمی نتیجہ جاری کرنے سے روک دیا

ہمیں این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ سٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، کالا ڈھاکہ کا علاقہ انتہائی پسماندہ اور برفباری والا ہے' وکیل نوازشریف

45 حلقوں میں نتائج تبدیلی کا دعویٰ کرنیوالوں نے 35 پنکچر کا الزام بھی لگایا تھا، الزام سے کچھ نہیں ہوتا نتائج کی تبدیلی ثابت کریں' کیپٹن صفدر

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 15 مانسہرہ سے نوازشریف کی شکست پر الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسر کو حتمی نتیجہ جاری کرنے سے روک دیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے نتائج کی مبینہ تبدیلی پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل نوازشریف نے کہا کہ ہمیں این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ سٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، کالا ڈھاکہ کا علاقہ انتہائی پسماندہ اور برفباری والا ہے۔ وکیل نواز شریف نے کہا کہ(بقیہ نمبر 63)

جو بائیڈن پاکستان کے انتخابی نتائج تسلیم نہ کریں، امریکی ارکان اسمبلی

ہم نئی حکومت کو اس وقت تک تسلیم نہیں کر سکتے جب تک یہ واضح نہ ہو جائے کہ جمہوری طریقے سے حکومت بنی ہے

الہان عمر، بریڈمین، مائیکل مک کول سمیت متعدد ارکان کا انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ

واشنگٹن(مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی پارلیمنٹ کے متعدد ارکان نے بائیڈن انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان میں انتخابی نتائج کو اس وقت تک تسلیم نہ کرے جب تک کہ مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات نہیں ہو جاتیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق پاکستانی جمہوریت کی حمایت میں فارن افیئرز کمیٹی کے چیئرمین مائیکل میک کول، رینکنگ ممبر گریگوری میکس سمیت مسلم رکن الہان عمر سمیت متعدد ارکان اسمبلی نے پاکستان میں انتخابی نتائج پر(بقیہ نمبر 44)

پی ٹی آئی کی سیاست کا نیا فیز شروع ہوگیا ہے، علی محمد

اللہ کے حکم اور کارکنوں کی محنت سے کامیابی ملی، بانی پی ٹی آئی جسے کھڑا کرے گا وہ جیتے گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سیاست کا نیا فیز شروع ہوگیا ہے۔ ایک بیان میں علی محمد نے کہا کہ اللہ کے حکم اور (بقیہ نمبر45)

پی پی 49 پسرور سے آزاد امیدوار رانا محمد فیاض کا ن لیگ میں شمولیت کا اعلان

لاہور(این این آئی) پی پی 49 پسرور سے آزاد امیدوار رانا محمد فیاض نے مسلم لیگ (بقیہ نمبر46)

تھپڑ مارنے کا واقعہ، فردوس عاشق، پولیس اہلکار کو آج الیکشن کمیشن میں طلبی کا نوٹس

لاہور(این این آئی) استحکام پارٹی کی سینئر رہنما فردوس عاشق اعوان کے پولیس (بقیہ نمبر 47)

پیپلز پارٹی کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس (آج) طلب کرلیا گیا

لاہور(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس آج (بقیہ نمبر 48)

لاہور، حمزہ شہباز اور میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کی جیت کی خوشی میں منعقدہ تقریب سے طارق گل خطاب کر رہے ہیں

لاہور، ن لیگ پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

شہباز یا بلاول میں سے کوئی وزیراعظم بن سکتا ہے، منظور وسان

فاق میں کوئی بھی اکیلے حکومت نہیں بنا سکتا، اتحادی حکومت ہی بنے گی، گفتگو

کراچی(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ نوازشریف اور مریم نواز کے وزیراعظم بننے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ اپنے ایک بیان میں پی پی (بقیہ نمبر 49)

نوازشریف اب تک بلٹ کے زور پر جیتنے کی کوشش کر رہے ہیں، بابر اعوان

الیکشن میں ہم 179 نشستوں پر اکثریت پر ہیں، ہم 9 فروری کے فیصلے کو نہیں مانتے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے(بقیہ نمبر 50)

لاہور آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست رہا

لاہور(این این آئی) پنجاب کا صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست رہا۔ رپورٹ کے مطابق لاہور(بقیہ نمبر 51)



اعظم نذیر تارڑ میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

عاصمہ جہانگیر کا فکری و عملی ورثہ ہماری جدوجہد میں شامل رہے گا، بلاول بھٹو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے (بقیہ نمبر 61)

پوسٹل بیلٹ پیپر کے ذریعے حاصل کردہ ووٹوں کی گنتی کیلئے امیدواران مدعو

لاہور(این این آئی) پوسٹل بیلٹ پیپرز کے ذریعے حاصل کردہ ووٹوں کی گنتی (بقیہ نمبر 60)

دفتر خارجہ نے ایران میں 9 پاکستانیوں کے قتل کی اطلاع کو فیک نیوز قرار دے دیا

اسلام آباد(این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے ایران میں 9 پاکستانیوں کے قتل (بقیہ نمبر 59)

کیا اس طرح کے انتخابات سے آپ سیاسی استحکام لے آئیں گے، شعیب شاہین

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما شعیب شاہین نے کہا ہے(بقیہ نمبر 58)

اُمید ہے بانی پی ٹی آئی اچھی شہرت کے مالک کو وزیراعلیٰ نامزد کریں گے: عاطف خان

پشاور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما عاطف خان نے(بقیہ نمبر 56)

کراچی سے متحدہ کو سیٹیں ملنے پر حیرت ہے، مراد علی شاہ

ایم کیو ایم رہنما اگر بانی متحدہ کی زبان میں بات کریں گے تو ان سے بات کرنا مشکل ہو جائیگا

کراچی (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ سندھ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید مراد علی شاہ نے کراچی سے ایم کیو ایم کو ملنے والی سیٹوں پر حیرت کا اظہار کر دیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کے خیال میں کراچی سے اور جماعتوں کو بھی سیٹیں ملنی تھیں، لیکن ایم کیو ایم کو (بقیہ نمبر62)

لاہور، آزاد امیدوار انجینئر محمد عمیر جمیل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خیبر میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، داعش کا دہشتگرد ہلاک

دہشت گرد کمانڈر شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری اور متعدد دہشت گرد سرگرمیوں میں ملوث تھا، آئی ایس پی آر

خیبر/راولپنڈی (این این آئی) ضلع خیبر میں سیکیورٹی فورسز نے ہائی پروفائل دہشت گرد کی خفیہ اطلاع پر آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں داعش کے دہشتگرد دوست گل عرف سیف اللہ کو ہلاک کر دیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق ہلاک (بقیہ نمبر 57)

نئی حکومت کیلئے معاشی استحکام آئی ایم ایف سے ڈیل بڑا چیلنج

روپیہ مختصر مدت تک ڈالر دیگر غیر ملکی کرنسیوں کے مقابلے میں مستحکم رہیگا، غیر یقینی سیاسی صورتحال کے سبب سٹاک مارکیٹ' یورو بانڈز دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں

آئی ایم ایف سے جان چھڑانے کیلئے پاکستان کو ٹیکس ریفارم کرنے ہونگے، اور زراعت اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر پر ٹیکس لگانا ہوں گے، معاشی ماہرین

کراچی(مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی میں کسی بھی پارٹی کی واضح اکثریت سامنے نہ آنے سے عرصہ دراز سے التوا کا شکار معاشی اصلاحات کا ایجنڈا ایک بار پھر چیلنجنگ شکل اختیار کر گیا ہے۔ امکان ہے کہ نئی حکومت معاشی امور کو چلانے کیلئے وہی پرانے طریقے آزمائے گی اور انرجی کی قیمتوں میں اضافہ کرکے اپنے معاملات چلانے کی کوشش کرے گی، جس کے نتیجے میں مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستانی روپیہ مختصر مدت تک ڈالر اور دیگر (بقیہ نمبر 52)

لاہور، امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں مرکزی لیڈرشپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کیلئے پی ٹی آئی کا 4 ناموں پر غور

علی امین گنڈا پور، ظاہر شاہ طورو، مشتاق غنی اور شکیل احمد وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل

پشاور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خیبر پختونخوا کی وزارت اعلیٰ کیلئے 4 نام غور شروع کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق علی امین گنڈا پور، ظاہر شاہ طورو، مشتاق غنی اور شکیل(بقیہ نمبر 53)

تاریخ میں پہلی بار انتخابات میں بدترین دھاندلی ہوئی، شیر افضل مروت

مرکز اور پنجاب میں حکومت بنانے کے لیے ہمیں اتحاد کی ضرورت نہیں، میڈیا سے گفتگو

پشاور(این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار انتخابات میں بدترین دھاندلی ہوئی، ہم نے فارم 45 اکٹھے کیے ہیں، (بقیہ نمبر 54)

جعلی الیکشن کے نتیجہ میں حکومت بنے گی وہ بھی جعلی ہوگی، سراج الحق

الیکشن کمیشن نے (ن) لیگ، پی پی اور ایم کیو ایم کو سپورٹ کیا، سب کے لیے لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں تھی

انتخابات سے مزید عدم استحکام، پولرائزیشن بڑھا دی گئی، الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کرانے میں ناکام رہا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے (ن) لیگ، پی پی اور ایم کیو ایم کو سپورٹ کیا، سب کے لیے لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں تھی، یہ عوام، ووٹرز کے ساتھ زیادتی تھی جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جعلی الیکشن کے نتیجہ میں جو حکومت بنے گی وہ بھی جعلی ہوگی، عالمی اداروں اور میڈیا نے بھی الیکشن پر سوالات اٹھا دیے، ان انتخابات سے مزید عدم استحکام پیدا ہوگا، پولرائزیشن بڑھا دی گئی، الیکشن کمیشن شفاف (بقیہ نمبر 55)

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

انتخابات کے نتائج توقع کے مطابق ہیں،؟

نگران وفاقی وزیر داخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ انتخابات کے نتائج توقع کے مطابق ہیں، تمام بڑے سیاسی ادارے عمومی طور پر ان نتائج سے مطمئن ہیں جو بدلتے ہوئے حقائق اور قوم کے مزاج کی بھی عکاسی کرتے ہیں، انتخابات واقعی آزادانہ اور منصفانہ تھے، جذباتی سیاسی ماحول اور عوامی جذبات ریاست کے فیصلہ سازی کے عمل کو متاثر کرنے والے سنگین خدشات تھے، یہ انتخابات پاکستانی قوم کے لئے خوشحالی کا باعث بنیں گے۔ جمعہ کو اپنے بیان میں نگران وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہم انتہائی اطمینان کے ساتھ پاکستان میں غیر معمولی سکیورٹی صورتحال میں انتخابات 2024 کے پرامن انعقاد کا ذکر کرتے ہیں، ہزاروں کی تعداد میں مسلح افواج، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سویلین اہلکاروں کی ہزاروں مربع کلومیٹر کے متنوع علاقوں اور سخت موسم میں محدود وقت کے اندر تعینات کرنا کوئی معمولی کارنامہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس عظیم مشق کے کامیاب انعقاد کو ریاست کے تمام اداروں کی اجتماعی کوششوں سے ہی منسوب کیا جاسکتا ہے۔

قصور شہر اور گردونواح میں گڈی ڈور کا کھلے عام دھندہ عروج پر

ضلعی انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہ رینگی، شہریوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کی اپیل

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) قصور شہر اور گردونواح میں گڈی ڈور کا کھلے عام دھندہ عروج پر دن بھر سکول و کالج و دیگر آوارہ لڑکوں کا چھتوں پر ہلہ گلہ جان لیوا کیمیکل لگی ڈور کا بے دریغ استعمال متعدد بار میڈیا پر خبروں کی اشاعت کے بعد بھی قصور پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہ رینگی، شہریوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کی اپیل۔ قصور شہر اور بالخصوص پولیس تھانہ بی ڈویژن کے علاقہ میں گڈی ڈور کا دھندہ عروج پر سکول و کالج اور و دیگر آوارہ لڑکوں کا چھتوں پر ہلہ گلہ دن بھر بو کاٹا کا کیمیکل اور دھاتی ڈور کا بے دریغ استعمال پابندی کے باوجود پتنگ بازی کا سلسلہ کھل عام جاری گھروں میں رہنے والی خواتین پتنگ بازی سے اپنے ہی گھروں میں محصور ہو کر رہ گئیں کیونکہ منچلے چھتوں پر سارا دن منڑ گشت کرتے ہیں جس کی وجہ چادر دیواری کا تقدس بھی پامال کیا جا رہا ہے جبکہ جان لیوا دھاتی ڈور کے استعمال سے بجلی کی تاروں میں بار بار ٹرپنگ اور ٹرانسفارمرز کے جل جانے سے گورنمنٹ اور شہریوں کا لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے اس کے علاوہ بجلی کے جھٹکوں سے گھروں میں رکھی لاکھوں روپے کی مشینری فریج، ایل ای ڈی، واٹر پمپ اور دیگر قیمتی سامان کا بھی نقصان ہو رہا ہے پتنگ بازی ویسے تو پورا ہفتہ ہوتی ہے مگر اتوار اور جمعہ کے دن پتنگ بازی زور و شور کے ساتھ ہوتی ہے پتنگ بازی کرنے والے علاقوں میں نمایاں علاقے کوٹ حلیم خان، کوٹ علی گڑھ، شہباز خاں روڈ، چوک شہیداں، بستی شاہدرہ، قادر آباد، پاکیزہ کالونی، دولیوالہ، نظام پورہ روڈ اور دیگر ملحقہ علاقوں میں بھی پتنگ بازی کھل عام جا رہی ہے۔ گڈی ڈور بنانے والوں کی چاندی ہو رہی ہے جان لیوا کیمیکل ڈور جس کے گردن پر پھرنے سے اب تک کئی اموات واقع ہو چکی ہیں قصور انتظامیہ و پولیس کی لاپرواہی کی وجہ سے ان کی سیل میں اضافہ ہو رہا ہے گڈی ڈور کے خلاف متعدد بار میڈیا پر خبروں کی اشاعت کے باوجود کہیں بھی کسی بھی جگہ پر پتنگ بازی پر پکڑ دھکڑ نظر نہیں آ رہی شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی ملی بھگت سے ہی گڈ ڈور بنانے والوں کا دھندہ عروج پر ہے۔ شہر کی سیاسی، سماجی اور فلاحی تنظیموں کا گڈی ڈور بنانے والوں اور چھتوں پر ہلہ گلہ کرنے والے منچلوں کے خلاف ڈی پی او قصور سے کارروائی کا مطالبہ ان کا کہنا ہے کہ گڈی ڈور پر پابندی کے قانون کا مذاق بنانے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی۔ گڈی ڈور کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بارسلونا میں اسٹریٹ آرٹ کے ذریعے غزہ میں امن کے قیام کا مطالبہ

میڈرڈ (شوبز ڈیسک) اسپین کے شہر بارسلونا میں اسٹریٹ آرٹ کے ذریعے غزہ میں امن کے قیام کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اسٹریٹ آرٹ کو فرانسسی آرٹسٹ جیمز کولمبینا نے بنایا ہے اور اسے 'امن کے بچوں' کا نام دیا گیا ہے۔ آرٹ کے نمونے میں دو بچے ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر ایک سفید دیوار کے سامنے کھڑے ہیں جن میں سے ایک فلسطینی اور ایک یہودی بچہ ہے۔ سفید دیوار میں سرخ ہاتھوں کے پرنٹ کے ساتھ ایک دل کی شکل بنائی گئی ہے جو امن کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ اسٹریٹ آرٹسٹ جیمز اس جگہ پر موجود نہیں تھے لیکن انہیں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے اپنے آرٹ کیلئے بارسلونا کو اس لئے منتخب کیا کیوں کہ وہ ایسا شہر ہے جہاں آرٹ پروان چڑھتا ہے۔

بھارتی اداکارہ رچا چڈھا کے ہاں پہلے بچے کی آمد متوقع

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی مشہور جوڑی رچا چڈھا اور علی فضل بہت جلد اپنے پہلے بچے کو دنیا میں خوش آمدید کہنے والے ہیں۔ مشہور زمانہ ویب سیریز مرزا پور میں گڈو بھیا کا کردار نبھانے والے علی فضل اور اُن کی اہلیہ و اداکارہ رچا چڈھا نے اپنے مداحوں کو اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشخبری سنانے کے لیے سوشل میڈیا سائٹ انسٹا گرام کا رُخ کیا۔ اس جوڑی نے اپنی مشترکہ پوسٹ میں دو تصاویر شیئر کیں، جن میں پہلے تصویر اس بات کی طرف اشارہ کر رہی تھی کہ یہ دو سے تین ہونے والے ہیں جبکہ اگلی تصویر میں رچا چڈھا اور علی فضل ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔ رچا چڈھا اور علی فضل نے اپنے پہلے بچے کی جلد آمد کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ”دل کی ایک چھوٹی سی دھڑکن ہماری دنیا کی سب سے تیز آواز ہے۔

اداکارہ صنم جنگ کی امریکا سے روتے ہوئے ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز ڈیسک) معروف پاکستانی میزبان اور اداکارہ صنم جنگ نے امریکا سے روتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ صنم جنگ نے اپنے انسٹاگرام ہینڈل پر اپنی ویڈیو پوسٹ کی جو کہ امریکا میں گزارے گئے اُن کی زندگی کے چند لمحات کو لیکر بنائی گئی ہے، اس ویڈیو میں اداکارہ کو روتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو کے بیک گراؤنڈ میں جذباتی آڈیو لگائی گئی ہے جس کے الفاظ یہ تھے کہ ”بڑی دور چلے آئے ہیں گھر سے کہ یہاں سے اب گھر لوٹنے میں وقت بہت لگتا ہے اور جہاں چلے آئے ہیں یہاں وقت کہاں بچتا ہے“۔ صنم جنگ نے ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ ”ملے جلے جذبات ہیں، ایک وقت ہوتا ہے جب آپ کہیں دور چلے جانا چاہتے ہیں اور پھر ہماری زندگی میں ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب ہم اُسی میں اپنا سکون تلاش کر لیتے ہیں“۔ اداکارہ نے کہا کہ ”بے شک برے دنوں کے بعد اچھے دن بھی آتے ہیں لیکن ان مشکل حالات سے گزرنے والے لوگوں کو میری طرف سے ڈھیر سارا پیار۔

قصور کے علاقہ کوٹ بدردین میں واپڈا کی غفلت کے باعث ٹرانسفارمر میں آگ بھڑک اٹھی

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس سے) قصور کے علاقہ کوٹ بدردین میں واپڈا کی غفلت کے باعث ٹرانسفارمر میں آگ بھڑک اٹھی واپڈا اغفلت کے باعث شارٹ سرکٹ سے ٹرانسفارمر میں آگ لگ گئی کوٹ بدترین ٹرانسفارمر کئی روز سے خرابی کے باعث سپارک کر رہا تھا لیکن واپڈا حکام کے کان پر جوں تک نہ رینگی شارٹ سرکٹ سے لگنے والی آگ نے نزدیکی دو دو کانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا آگ لگنے سے دو افراد بھی جھلس کر زخمی ہوئے جبکہ 3 عدد موٹر بائیک بھی آگ نے اپنی لپیٹ میں لے لیا لیکن واپڈا کی ٹیمیں حسب معمول دیر سے پہنچی شہریوں نے واپڈا کے خلاف سخت غم و غصہ کا اظہار کیا

الیکشن 2024, دیگر اضلاع کی طرح سرگودھا میں بھی متعدد نئے سیاسی چہرے اسمبلیوں میں پہنچ گئے

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) الیکشن 2024, دیگر اضلاع کی طرح سرگودھا میں بھی متعدد نئے سیاسی چہرے اسمبلیوں میں پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ الیکشن 2024 کے انتخابات میں جہاں ملکی سیاست میں نئے چہرے کامیاب ہو کر اسمبلیوں میں پہنچے ہیں تو وہاں سرگودھا میں بھی سیاسی خاندانوں کی سیاست کو زبردست نقصان پہنچا ہے اور سرگودھا کے کئی حلقوں میں نئے چہرے ملکی سیاست میں کامیاب ہوئے ہیں ان میں حلقہ این اے 82 میں پیر صاحبان، پراچہ خاندان فارغ ہو گئے ہیں اسی طرح این اے 83 میں رانجھا خاندان اور این اے 84 میں حامد حمید گروپ این اے 85 میں چیمہ خاندان این اے 86 میں لاہڑی اور گوندل خاندان کی سیاست تقریبا ختم ہو کر رہ گئی ہے جب کہ اس الیکشن میں ان حلقوں میں نئے چہرے ابھر کر سامنے اۓ ہیں ضلع سرگودھا کی 5 قومی اور 10 صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں سے 11 نشستوں پر نئے چہرے سیاست میں وارد ہوئے ہیں جن میں تین ممبران قومی اسمبلی چوہدری اسامہ غیاث میلہ، ملک شفقت عباس، مقداد علی بلوچ پہلی بار الیکشن جیتے ہیں جب کہ آٹھ ممبران صوبائی اسمبلی جن میں معظم سندھو، انصر ہرل، میاں اکرام، علی آصف بگا، ذوالفقار علی بھٹی، صفدر ساہی، تیمور بلوچ اور عاصم میکن شامل ہیں ان میں سے صرف دو نے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لیا تھا جن میں سے ایک سردار عاصم ضلع ناظم اور میاں اکرام یونین ناظم رہ چکے ہیں جب کہ ذوالفقار علی نائب یونین ناظم کا الیکشن ہار گئے تھے۔ نئے چہروں میں زیادہ تر پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار ہیں۔

کمالیہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں کی عوام نے مجھے جس قدر پذیرائی دی ہے، چوہدری شاہد اقبال گجر

کمالیہ) نامہ نگار) سابق آزاد امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 123 چوہدری شاہد اقبال گجر نے کہا ہے کہ کمالیہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں کی عوام نے مجھے جس قدر پذیرائی دی ہے اور بھاری اکثریت میں ووٹ کاسٹ کیا ہے اس پر میں ان کا بے حد مشکور ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ دربار قادر بخش شریف کے سجادہ نشین پیر سید فراز شاہ قادری، دربار نادر شاہ کرمانی کے سجادہ نشین پیر سید اختر عباس کرمانی اور دربار قطبیہ سندھیلیاں والی کے سجادہ نشین پیر سید قطب علی شاہ کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے میرا ابھرپور ساتھ دیا میں کمالیہ کی عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ الیکشن کے بعد بھی ہما وقت ان کے دکھ درد میں موجود رہوں گا اقتدار میں رہوں یا اقتدار سے باہر عوامی خدمت کا مشن ہمیشہ جاری رکھوں گا اور کبھی بھی عوام سے دوری اختیار نہیں کروں گا میرے دروازے ہما وقت عوام کے لیے کھلے ہیں۔

الیکشن میں جیت ہار کھیل کا حصہ ہے ہمارے پینل نے بہت شاندار مقابلہ کیا، سابق چیئرمین بلدیہ کمالیہ ملک محمد شریف

کمالیہ) نامہ نگار(سابق چیئرمین بلدیہ کمالیہ ملک محمد شریف نے کہا کہ الیکشن میں جیت ہار کھیل کا حصہ ہے ہمارے پینل نے بہت شاندار مقابلہ کیا جیتنے والے انہوں نے کہا کہ چوہدری شاہد اقبال گجر کا ایم پی اے نشست پر پہلا الیکشن تھا علاقہ کی عوام نے بھرپور محبت اور پذیرائی دی جس پر حلقہ کی عوام کے شکر گزار ہیں الیکشن ہارنے کے باوجود ووٹ کی بڑی تعداد ہمارے حصہ میں آنا حلقہ کی عوام کا ہم پر اعتماد ہے انہوں نے مزید کہا کہ امید کرتا ہوں کہ منتخب ہونے والے نمائندے علاقے کی بہتری کے لئے بھرپور کوشش کریں گے۔ جن لوگوں نے ہمارے پینل کو ووٹ اور سپورٹ کیا ان کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انشا اللہ ہم سے بھی جو بن پڑا ان کی بھرپور خدمت کرتے رہیں گے

نو منتخب ممبر قومی اسمبلی شفقت عباس اچھے اخلاق و کردار کے مالک انسان ہیں جو سرگودھا کیلئے بہتر ثابت ہونگے، حامد محمود علی ڈوگر

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) نو منتخب ممبر قومی اسمبلی شفقت عباس اچھے اخلاق و کردار کے مالک انسان ہیں جو سرگودھا کیلئے بہتر ثابت ہونگے، حامد محمود علی ڈوگر نے NA84 سے منتخب ممبر قومی اسمبلی شفقت عباس اعوان سے خصوصی ملاقات میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ NA 84 پی ٹی آئی کے کامیاب ہونے والے آزاد امیدوار شفقت عباس اعوان کی کامیابی خوش آئند ہے انہوں نے نو منتخب ممبر قومی اسمبلی کو مبارکباد دیتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک خواہشات کی تمنا کی۔ اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی شفقت عباس اعوان نے کہا کہ عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے ظالموں کو ظلم کا جواب دے کر عمران خان کو کامیاب بنایا ہے ہم ناانصافی اور ظالمانہ اقدام کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے پاکستانی عوام نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہے انشا اللہ ہم حکومت بنائیں گے حافظ حامد علی نے بتایا کہ شفقت عباس اعوان اچھے اخلاق و کردار کے مالک انسان ہیں جو ہمارے شہر اور ملک کیلئے بہتر ثابت ہونگے

آر اوز نے عوامی مینڈیٹ کی توہین کرتے ہوئے انتخابی نتائج تبدیل کئے، پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سعید احمد بھلی

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار (صوبائی حلقہ پی پی 44 سے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سعید احمد بھلی نے کہا ہے کہ آر اوز نے عوامی مینڈیٹ کی توہین کرتے ہوئے انتخابی نتائج تبدیل کئے قانونی کارروائی کروں گا پی پی 4 4 سے 4919 ووٹوں کی واضح برتری سے کامیاب ہوا لیکن آر اوز نے میری جیت کو ہار میں بدل دیا ان خیالات کا اظہار امیدوار برائے ایم پی اے سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے گزشتہ روز اخبار نویسوں سے گفتگو کے دوران کیا ان کا کہنا تھا کہ ان کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے حلقہ بھر کے کل 8 8 1 پولنگ اسٹیشنز کے فارم 5 4 حاصل کئے ہیں جن کی مطابق انہوں نے 46414 ووٹ حاصل کئے جبکہ انکے مدمقابل ن لیگی امیدوار نے 41495 ووٹ حاصل کئے انہوں نے مخالف امیدوار کو 4914 ووٹوں سے مات دی لیکن ریٹرننگ آفیسر نے سرکاری نتائج میں تبدیلی کرتے ہوئے ان کی واضح جیت کو شکست میں بدل دیا۔ سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ وہ درست انتخابی نتائج کے لئے فارم 45 لیکر عدلیہ سے رجوع کریں گے۔

جس کسی کے پاس جتنا اختیار ہو گا اتنا ہی وہ جواب دہ ہو گا، امیر عبدالقدیر اعوان شیخ

ڈسکہ) محمد بلال سے (امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ جس کسی کے پاس جتنا اختیار ہو گا اتنا ہی وہ جواب دہ ہو گا۔ اس کے زیر نگیں علاقہ میں جتنا کسی پر ظلم ہوا جس کسی کے ساتھ ناانصافی ہوئی، جس جس کی حق تلفی ہوئی اگر دیکھا جائے تو جہاں اختیار کا ہونا ایک بہت بڑا اعزاز ہے وہاں اس سب کی جوابدہی بھی بہت سخت ہے یاد رکھیں ہم میں سے ہر ایک حاکم ہے اگر زیادہ نہیں تو کم از کم اپنے وجود کا اختیار ہر ایک کے پاس ہے تو ہمیں چاہیے کہ کم از کم ہم اپنے اس وجود پر تو اللہ کریم کے احکامات نافذ کر سکتے ہیں ہماری سوچ عمل اور نتائج کا رخ اللہ کریم کی طرف ہونا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آج ہماری ساری بحث دوسروں پر ہے کہ فلاں غلط ہے اور اس نے بڑی بدعنوانی کی ہر کوئی دوسرے پر اعتراض کر رہا ہے دوسروں پر اعتراض کرنے کی بجائے میں خود کو دیکھوں کہ میں کہاں کھڑا ہوں اور میرے کردار سے اس ملک و قوم کو کتنا فائدہ ہو رہا ہے میں دوسروں کی خیر خواہی اور ایثار کا کتنا جذبہ رکھتا ہوں ہمارے نیک اعمال سے معاشرے میں خوبصورتی آئے گی اور ہماری بدعنوانی سے معاشرے میں تعفن پیدا ہو گا

جھنگ نو منتخب ایم۔ این۔ اے حلقہ 109 شیخ وقاص اکرم اور شیخ محمد اکرم کو پی۔ پی 127 میں ایم۔ پی۔ اے بننے پر مبارک باد

جھنگ) اجمل حسین بیورو چیف (حلقہ 109 میں پی۔ ٹی آئی کے امیدوار شیخ وقاص اکرم کو بھاری تعداد میں ووٹ لیکر ایم۔ این۔ اے منتخب ہونے پر اور ان کے والد محترم شیخ محمد اکرم کو پی۔ پی 127 سے بھاری اکثریت سے ایم۔ پی۔ اے بننے پر اور اس بے مثال کامیابی پر سینئر صحافی اجمل حسین خان صدر یونین آف جرنلسٹ شریف طاہر نے مبارک باد دی ہے انہوں نے کہا کہ اس تاریخی کامیابی کے بعد امید ہے کہ شیخ وقاص اکرم جھنگ کے ڈویژن بنانے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے اور ڈی۔ ایچ۔ کیو ہسپتال کی اپ گریڈیشن اور شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے

بعدالت جناب منظور حسین بھٹی صاحب نائب تحصیلدار صاحب/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

دعوی درخواست تقسیم اراضی معہ حکم امتناعی دوامی ارشد علی وغیرہ بنام خلیل احمد وغیرہ

اخبار اشتہار بنام خلیل احمد ولد منظور احمد، محمد اسلم ولد غلام رسول، رحمت علی ولد اللہ دتہ، اللہ دتہ ولد شیر، شہزاد منظور، محمد اکرم قاری محمد افضل، محمد ارشد پسران شیر محمد حنیف، بشیر احمد پسران رشید احمد، محمد حنیف ولد عبداللہ، محمد عارف ولد محمد صدیق، شعیب اختر ولد ایوب خادم حسین ولد عبدالعزیز، انجاز محمود ولد منظور احمد، اختر حسین ولد عبدالعزیز، ساجد علی ولد غلام نبی، محمد اقبال ولد عبدالعزیز، مقصود احمد ولد صدیق، تہذیب زوجہ غلام ربانی، محمد عاشق ولد علی یعقوب، محمد اسحاق ولد محمد شریف، ریاض احمد، امانت علی پسران کبیر، محمد علی ولد انور، شوکت علی ولد صدیق، صدری احمد، محمد نواز، ریاض ولد مشتاق احمد، افتخار احمد ولد احمد علی، محمد اقبال ولد نذر محمد، غلام فردوس زوجہ ظہیر عباس، محمد اسلم ولد محمد حسین، منیر احمد ولد عبدالمجید، زین خالد، وریاں بی بی زوجہ ملازم حسین، مدثر خالد، طارق محمود، اللہ یار ولد ہدایت خاں، بشارت علی ولد احمد علی، ابراہیم ولد نذر محمد، سیداں بیوہ منظور احمد، غفور احمد، سکندر احمد، قاسم علی، ناظم علی، ہاشم علی پسران منظور احمد، صغراں بی بی، شمیم بی بی، زین بی بی دختران منظور احمد، احمد علی ولد امانت علی، ناصر ولد میاں خاں، لیاقت علی ولد ہدایت، عدیل حیدر، علی حسن، علی غازی پسران صابر حسین، اعظم علی ولد رحمت علی، نذر حسین ولد سلطان احمد، سرفراز علی ولد افضل، جعفر علی ولد عطا محمد، محمد اکبر، محمد حفیظ اللہ، اسلم ولد اشرف علی، عامر افضل، منظور حسین ولد خان محمد، جعفر علی ولد سید محمد علی ولد رحمت علی، محمد طفیل ولد علی محمد، احمد رفیق، امجد رفیق پسران محمد منشاء، محمد ہارون، شوکت علی ولد محمد اسحاق، محمد شاہد ولد امین، محمد اسلم ولد برکت علی، ارشد اقبال ولد ریاست علی، محمد عباس، احمد علی، عبدالعزیز ولد عالم، ظہور احمد ولد دائم، حلیمہ بی بی زوجہ محمد صدیق، ریاض احمد، اللہ دتہ پسران دائم، عبداللطیف ولد بشیر احمد سکنہ بی بی زوجہ ذوالفقار، شوکت علی ولد شیر احمد، محمد ارشد ولد محمد رفیق، بخشی محمد ولد محمد صدیق، غلام رسول ولد بشیر احمد، عمران شہزاد، ظفر اقبال ولد محمد اسلم، ماشاء اللہ، محمد اشرف، امانت علی، محمد خالد، محمد ذاکر، عباس ولد امیر، اصغر علی، اختر علی پسران عباس، محمد رفیق ولد اسماعیل، محمد الیاس ولد جلال دین، نور حسین، غضنفر الیاس، یار محمد، محمد منشاء ولد ستار، آصف علی ولد محمد انور، ظہور احمد ولد شیر علی، محمد یونس ولد محمد انور، طالب ولد شیر علی، شرافت علی ولد محمد انور، حلیمہ بی بی، زینب بی بی دختران شیر علی، فلک شیر، یوسف علی ولد نور احمد، نذیر احمد ولد ستا، محمد عباس ولد محمد صدیق، خالدہ بی بی، نور احمد ولد خان، سکینہ بی بی زوجہ جمعہ دین، سلام دین، عامر دین، سیف دین، عظمت دین، طاہرہ بی بی، نورین آئنہ، سمرین آئنہ، رحیم بی بی نایاب بی بی دختران محمد دین، رانا ذوالفقار، رانا مقصود بشیر، رانا محمود بشیر، رانا مسعود بشیر پسران رانا بشیر احمد، افضل عباس، منذر حسین، محمد اعظم ولد رمضان، صفدر علی ولد محمود ولد ویام، غلام مصطفی ولد محمد رمضان، خالد محمود ولد نذیر احمد، ولائت علی، عبدالرزاق، بابر علی ولد شاہد، عزہ ناظم زوجہ محمد اویس، علی رضا، ریاض احمد ولد شریف، عنایت علی، ولائت علی پسران اسحاق، اورنگزیب، شعیب اختر پسران شوکت علی، میاں خاں ولد ریام، خلیل احمد، مہر علی، عابد محمود ولد سردار علی، حمیداں بی بی دختر احمد خاں، ناصر محمود، شفقت محمود پسران سردار علی، محمد نواز، درویش علی ولد شہامد خاں، محمد طاہر نعیم، غلام عباس ولد منظور احمد، خالد پرویز، سرفراز علی پسران زیارت علی، مظہر اقبال، ظہیر عباس، عدیل حیدر، نصرت بی بی بیوہ منظور احمد، علی حسن صابر، علی غازی ولد صابر حسین، صابر حسین ولد منظور احمد، نور احمد، غلام رسول پسران حسین احمد، اکرام حسین شاہ، نور حسین شاہ ولد طالب حسین شاہ، سلیمان شاہ عرف لاڈے شاہ، عابد حسین پسران چن پیر، سید ثقلین شاہ، سید علی عباس پسران قیوم شاہ، عابد حسین، غلام حسین شاہ پسران خادم حسین شاہ، ظہور شاہ، سید غلام عباس شاہ، فلک شیر ولد، ملک علی، محمد اشرف، منیر احمد پسران محمد انور، محمد یعقوب ولد نذیر احمد، نصرت پروین زوجہ رمضان، محمد عاشق ولد حسن علی، رشیداں بی بی بیوہ محمد یوسف، عابد علی، ساجد یوسف پسران محمد یوسف، فاطمہ یوسف، اقصی یوسف دختران محمد یوسف، ملیحہ بی بی، رابعہ بی بی، اقراء بی بی، اللہ رکھی، مقدس صادق، بشری عدنان دختران محمد صادق، ابوبکر، محمد عمر پسران صادق، محمد اکرم ولد آفتاب، رابعہ منظور زوجہ عابد علی، عمران شہزاد، آصف محمود، منیر احمد، شکیل احمد ولد منظور احمد، محمد حبیب، نوشیر احمد، جعفر ولد خان محمد، اصغر علی ولد ولی محمد، غلام مصطفی ولد غلام محمد، محمد شریف، مجتبی نوید، چوہدری خالد مقصود ولد چوہدری دین محمد، عظمت عباس ولد ذوالفقار، ملازم حسین، مظہر علی پسران اسماعیل، حسین مہدی ولد ذوالفقار علی، محمد پرویز، جاوید اقبال پسران کرامت علی، محمد ناصر ولد غلام علی، سرداراں بیوہ غلام علی، نصرین اختر بیوہ ظفر علی، زریاب حیدر، زائر حسین پسران ظفر علی، شفقت بی بی، ناظم علی ولد رمضان، انور علی ولد راجہ، نورین خاتم، محمد اکبر ولد لیاقت علی، اسلم ولد اشرف علی، محمد یونس ولد راجہ عامر افضل، سرفراز علی پسران محمد افضل، منظور حسین، محمد یوسف ولد علی محمد، خضر حیات، عمر حیات پسران جعفر علی، محمد صادق، افتخار احمد، بابر علی ولد رشید احمد، کلثوم حنیف زوجہ افتخار احمد، شعیب یوسف، محمد شفیق، ذیشان، محمد عمران، رضوان، محمد ابراہیم پسران محبت علی، فلک شیر، سرفراز احمد پسران تاج محمد، اعظم علی، ملازم حسین پسران بہادر علی، آفتاب احمد، آصف احمد پسران محمد زبیر، نیامت علی، محمد اشفاق، امانت علی محمد علی ولد کالا، ارشد علی ولد شیر محمد، محمد خاں ولد ملک رفیق، محمد قاسم، اصغر علی پسران عبدالمالک، غلام مصطفی، وارث علی پسران ملک رفیق، عبدالخالق ولد احمد علی، طالب حسین ولد غلام علی، غلام یٰسین ولد محمد شریف، محمد یونس ولد بشیر احمد، پرویز ولد محمد علی، طالب حسین ولد نذیر احمد قوم چھینہ ساکنان دولتا تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب سول جج فیملی کورٹ فیصل اباد

دعوی: درخواست سرٹیفکیٹ ولایت بعنوان محمد صغیر ولد محمد بشیر ساکن چک نمبر 229 رب بنام عوام الناس

اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 27.02.2024 کو بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہو گا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

گلفام علی بنام عوام الناس وغیرہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

گلفام علی ولد ذوالفقار علی ساکن چک دھید وتحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ۔

اخبار اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل بذریعہ سمن/نوٹس یا عام طریقہ سے ہونا ناممکن ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ بتقرر 09-02-2024 کو بوقت 09:00 اصالتاً یا وکالتاً پیش عدالت ہووے ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا گیا ہے۔

بعدالت محترمہ ارم علی ملک صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس منڈی بہاالدین

دعوی استقرار حق

بعنوان: عفت فلک شیر بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار اخبار بنام شہناز اختر بیوہ فلک شیر قوم انصاری ساکن کھیالہ سیداں تحصیل و ضلع منڈی بہاالدین ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 13-02-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر افضل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ منظور احمد ولد عبدالرحمن بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا A / 22 کوئنز روڈ لاہور، ایکسین لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، ریونیو آفیسر لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، ایس۔ ڈی۔ او لیسکو واپڈا سب ڈویژن الہ آباد ویسٹ (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 13-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت محترمہ مسز مہر النساء صاحبہ سینئر سول جج فیملی ڈویژن منڈی بہاالدین

دعوی: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع،

بعنوان: نازیہ بی بی بنام فیض احمد ولد علی محمد قوم رانجھا سکنہ کھاگیانوالہ، بھیروال تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاالدین ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 21-02-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب فائزہ اشفاق صاحبہ سول جج درجہ اول ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: عبدالعلیم بنام محمد نوید ستار وغیرہ دعوی دخیلابی بذریعہ تقسیم اخبار اشتہار بنام: محمد عثمان ستار ولد عبدالستار، عبدالرزاق پسر، سارہ جاوید، جویریہ جاوید، اقرار فاطمہ جاوید دختران ریاض الجاوید اقبال، شاہد ولد محمد رفیع (پوتا زینب بی بی) اقوام آرائیں ساکنان چک نمبر 388 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، ظہور احمد ولد نور احمد پسر رحمت بی بی قوم آرائیں ساکن چک نمبر 403 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی ہذا میں بتقرر 24-02-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں ما بعد کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ ہو گا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احمد سعید صائم صاحب سول جج جھنگ

عنوان مقدمہ: غلام محمد بنام محمد اظہر حسن۔ دعوی دلاپانے ڈگری مبلغ 120000 روپے۔ اخبار اشتہار بنام اظہر حسن ولد محمد افضل قوم کھوکھر گوپال سکنہ موضع دوآبہ تحصیل و ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 13.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی دلاپانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ: سعدیہ رانی وغیرہ بنام محمد حسین ولد محمد صدیق ذات آرائیں ساکن چک نمبر 253 گ ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 10-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب میڈم فوزیہ سائرہ صاحبہ فاضل سول جج شیخوپورہ

ناہید کوثر بنام شاہد حسین وغیرہ

شاہد حسین ولد محمد اسلم جعفری ساکن کامونکی تحصیل کامونکی ضلع گوجرانوالہ، صفیہ شاہد زوجہ شیخ شاہد حسین جعفری قوم شیخ ساکن اجنیانوالہ تحصیل و ضلع شیخوپورہ

دعوی استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی

اشتہار بنام: محمد اصغر ولد غلام حسین، علی اصغر ولد محمد اصغر قوم آرائیں اکنائے چوک نواب صاحب سرکلر روڈ گجرات، محمد اشرف، فیصل، عثمان حیدر، ملک شبیر پسران عنایت اللہ، تاج بیگم بیوہ عنایت اللہ، افضال احمد، فیاض احمد، سجاد احمد پسران زرینہ بی بی دختر ارشاد احمد، ثناء اللہ ولد محمد حسین قوم جٹ وڑائچ، ندیم اختر ولد غلام حیدر، محمد عبداللہ ولد محمد عالم، محمد نذیر، محمد یوسف، نصر اللہ خاں پسران، تسیم بی بی، منذیر بیگم دختران برکت علی، محمد مالک، محمد شفیع پسران حاکم علی محمد بشیر، محمد منیر، محمد ظہیر، مشتاق احمد پسران، ارشاد بی بی، ممتاز بی بی، قمر النساء دختران غلام قادر، محمد یوسف خاوند، احمد خاں ولد محمد خاں، گلزار احمد، مظہر اقبال پسران رحمت خاں، افتخار احمد، اشفاق احمد پسران بشیراں بی بی، سیف اللہ ولد رحمت خاں، محمد بشیر ولد غلام رسول، مذہرہ بی بی بیوہ، شہباز حسین، مظہر حسین عابدہ پروین، خالدہ پروین، آسیہ پروین دختران عاشق حسین، شہناز اختر بیوہ، بلال انور، شیر علی، وقاص انور، سویرا انور، شائزہ انور، سائرہ ممتاز دختران انور، ظفر اقبال ولد رحمت خاں، محمد بشیر ولد غلام رسول، محمد بی بی بیوہ سردار، محمد الیاس، محمد ممتاز، محمد انور پسران اللہ دتہ، انور ولد رحمت خاں، رسول بی بی دختر سردار، نبیلہ شاہد، عنایت بی بی، خورشید بی بی دختران جلال، محمد حسین ولد نواب، فاروق علی ولد غلام علی، رسول بی بی بیوہ، نصرت بی بی، اللہ دتہ، محمد بوٹا پسران سردار خاں، اعجاز احمد ولد نذر محمد، نثار احمد ولد محمد شفیع، بشری پروین، نسیم اختر دختران، غلام علی پسر عنایت، سمیع اللہ ولد محمد حسین، احمد خاں ولد محمد خاں، صغری بی بی بیوی امام دین، اشفاق حسین ولد محمد شریف، آفتاب احمد، مہتاب احمد پسران، آمنہ بی بی بیوہ محمد شریف، محمد قیوم، انجم محمود پسران سکینہ بی بی، منزہ بی بی، حمیدہ بی بی، روبینہ کوثر دختران امام دین قوم راجپوت، شفقت علی ولد غلام علی، مشتاق احمد ولد غلام حسین اقوام جٹ وڑائچ ساکن چک غازی تحصیل وضلع گجرات

ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 13-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب چوہدری محمد فیاض صاحب سول جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

دعوی دخلیابی بذریعہ تقسیم ۔بعنوان: محمد افضل بنام آسیہ ممتاز ۔ اشتہار بنام آسیہ ممتاز دختر ممتاز احمد قوم آرائیں سکنہ چک نمبر 49 گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل حال مقیم چک نمبر 298 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہا کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعاعلیہا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 07-03-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 40

غیر سرکاری نتائج کے مطابق آزاد امیدوار 101 نشستوں کے ساتھ سرفہرست ہیں، مسلم لیگ (ن) 75 نشستوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ قومی اسمبلی میں پیپلز پارٹی 54 جبکہ ایم کیو ایم 17، جے یو آئی 4 اور پاکستان مسلم لیگ ق 3 نشستوں پر کامیاب ہوئی ہیں۔ استحکام پاکستان پارٹی اور بلوچستان نیشنل پارٹی دو دو نشستوں پر کامیاب ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں نیشنل پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، پختونخوا نیشنل عوامی پارٹی، مسلم لیگ ضیا اور ایم ڈبلیو ایم ایک ایک نشست جیت سکیں۔ یاد رہے کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 88 خوشاب کا نتیجہ روک دیا گیا ہے جبکہ این اے 8 باجوڑ پر پولنگ ملتوی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

کا کیس لڑے گا۔ ذرائع کے مطابق وکلا کی ٹیم بغیر فیس کے پی ٹی آئی حمایت یافتہ امیدواروں کے مقدمات لڑے گی۔ ذرائع کے مطابق 20 سے زائد امیدواروں نے ایڈووکیٹ جبران ناصر اور وکلا سے ملاقات کی جن میں دوا خان صابر، سیف الرحمان، آفتاب جہانگیر، یاسر بلوچ شامل ہیں۔ ملاقات کرنے والوں میں فہیم خان، عالمگیر خان، زین پرویز، محمد طٰہ، عبدالقدیر، وجاہت صدیقی، رمضان گھانچی، مراد شیخ، جان شیر جونیجو شامل ہیں۔ جبران ناصر نے تمام امیدواروں کی جانب سے کیسز لڑنے کی یقین دہانی کروائی ہے، امیدواروں نے تمام حلقوں سے فارم 45 اور دیگر ثبوت وکلا کو فراہم کردیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

گے۔ غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس جماعت کی گراس روٹ لیول پر ٹیم ہی موجود نہیں اس کو کیا ووٹ پڑیں گے، مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ مشکل حالات کے باوجود انہوں نے لاہور میں الیکشن لڑا لیکن ڈبل ڈیجٹ سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ اگر وہ نتائج کو چیلنج کرنا چاہیں تو وہ کر سکتے ہیں یہ ان کا حق ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کہ الیکشن لڑا ہے، اس لیے تو الیکشن کمیشن آئے ہیں۔ اتوار کو صحافی نے کیپٹن ریٹائرڈ صفدر سے سوال کیا کہ مانسہرہ میں نواز شریف کو بلا کر ہروا کیوں دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مانسہرہ والی سیٹ جیتے ہوئے ہیں، الیکشن کمیشن میں ثابت کرنے آئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما نے کہا کہ آزاد میں کوئی ٹو کرنے والا ہے کوئی کریلے والا، اصل نشان شیر کا ہے، الیکشن کمیشن کو بتانے آئے ہیں کہ این اے 15 کا فارم 47 غلط ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نوٹیفکیشن روکنے سے متعلق فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 15 مانسہرہ کے نتائج میں مبینہ تبدیلی کی سماعت کی۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز کے وکیل نے کہا کہ این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ اسٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، کالا ڈھاکہ کا علاقہ انتہائی پسماندہ اور برفباری والا علاقہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

تشویش کا اظہار کیا ہے۔ فارن افیئرز کمیٹی کے چیئرمین مائیکل میک کول نے ارکان اسمبلی کے پاکستان میں الیکشن نتائج سے متعلق سخت بیانات کے پیش نظر جو بائیڈن حکومت اور کانگریس سے ووٹوں کی گنتی میں بے ضابطگیوں اور بیلٹ ٹیمپرنگ کے تحت خدشات پر غور کرنے کی اپیل کی ہے

بقیہ بقیہ جات 45

کارکنوں کی محنت سے کامیابی ملی، بانی پی ٹی آئی جسے کھڑا کرے گا وہ جیتے گا۔ انہوں نے کہا کہ کارکن آج کے بعد کسی ایم این اے یا ایم پی اے کو کمیشن نہ لینے دیں، کوئی ایم پی اے کرپشن یا ظلم کرے تو کارکن اس کے خلاف نکلیں۔ علی محمد نے کہا کہ اگر پارلیمنٹرین نے ٹھیکیدار سے مل کر 25 فیصد لیا تو کارکن محاسبہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 46

(ن) میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ امیدوار رانا محمد فیاض نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میں نے اپنے حلقے کی عوام سے مشاورت کے بعد فیصلہ ن لیگ میں شمولیت کیا، مسلم لیگ ن کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 47

اہلکار کو تھپڑ مارنے کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد الیکشن کمشن کی جانب سے دونوں کو آج (پیر) کے روز طلبی کا نوٹس جاری کیا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 48

(پیر) کے روز طلب کر لیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات چوہدری منور انجم کے مطابق پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 12 فروری پیر کو زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 49

رہنما منظور وسان نے بتایا کہ وفاق میں کوئی بھی اکیلے حکومت نہیں بنا سکتا، اتحادی حکومت ہی بنے گی، پنجاب اور بلوچستان میں بھی اتحادی حکومت بنے گی۔

بقیہ بقیہ جات 50

الزام لگایا ہے کہ نواز شریف 9 فروری سے اب تک بلٹ کے زور پر جیتنے کی کوشش کر رہے ہیں، دوسال تک پری پول دھاندلی ہوتی رہی پھر یحیٰی خان ماڈل آیا۔ الیکشن کمیشن کے باہر بابر اعوان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کے سب سے متنازع الیکشن ہوئے، میں نے سرگودھا اور فیصل آباد سے امیدواروں کے نتائج چیلنج کیا ہے، ہمارے امیدواران تمام حلقوں میں جیتے ہیں، بانی پی ٹی آئی الیکشن میں بھاری اکثریت سے جیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نو فروری سے اب تک بلٹ کے زور پر جیتنے کی کوشش کر رہے ہیں، الیکشن میں ہم 179 نشستوں پر اکثریت پر ہیں، ہم 9 فروری کے فیصلے کو نہیں مانتے۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا، امریکا اور برطانیہ نے 9 فروری کو مسترد کیا ہے، بینگن جیت گیا لندن سے آیا شیر ہار گیا۔

بعدالت جناب ندیم انجم میاں صاحب AD سیالکوٹ

اپیل

عنوان مسماۃ صباء بنام حمیر علی وغیرہ

اشتہار بنام 1 حمیر علی ولد شاہد پرویز 2 شاہد پرویز ولد محمد فتح ساکن کوٹلی میانیاں، گوہد پور، تحصیل سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 22-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب ہدایت اللہ شاہ صاحب AD سیالکوٹ

عنوان MS سوئی گیس بنام پروفیسر محمد انور

اشتہار بنام پروفیسر محمد انور ولد قائم دین نزد مرے کالج سرکلر روڈ سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 13-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب حلقہ 63 گ ب / ADLR جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اقبال ولد عبدالحمید ساکن چک نمبر 63 گ ب میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں عبدالحمید والد، رحمت بی بی والدہ (پہلے فوت شدگان) بشری بی بی بیوہ، عمر اقبال، عثمان اقبال، عبداللہ پسران، مشال فاطمہ دختر (زندہ) حیات وارثان تصدیق ہوئے۔ اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت اندر معیاد 7 یوم کے بعد دفتر ہذا سے رجوع کریں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا وراثت تصدیق کردی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 51

آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں دنیا بھر میں پہلے نمبر پر رہا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق لاہور کا فضائی معیار خطرناک درجے تک مضر صحت ریکارڈ کیا گیا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق لاہور کا اے کیو آئی 252 ریکارڈ کیا گیا جو دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سب سے زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ کراچی آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں ساتویں نمبر پر رہا جس کا ایئر کوالٹی انڈیکس 173 ریکارڈ ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 52

غیر ملکی کرنسیوں کے مقابلے میں مستحکم رہے گا، تاہم غیر یقینی سیاسی صورتحال کے سبب اسٹاک مارکیٹ اور پاکستانی یورو بانڈز دباؤ کا شکار ہوسکتے ہیں۔ آزاد تجزیہ کار عدنان آگر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی حکومت بنائے گا، اس کو معاشی استحکام اور ملکی ترقی کو ممکن بنانے کیلئے نیا پروگرام حاصل کرنے کیلئے آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے جان چھڑانے کیلئے پاکستان کو ٹیکس ریفارم کرنے ہونگے، اور زراعت اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر پر ٹیکس لگانا ہوں گے، لیکن اشرافیہ خود پر ٹیکس کیسے لگنے دے گی؟ حکومت لائن لاسز اور بجلی چوری روکنے کے بجائے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرنے کو ترجیح دے گی، امیروں سے ٹیکس وصول کرنے کے بجائے پہلے سے ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے کاروباروں پر ہی ٹیکس میں اضافہ کرنے کو ترجیح دی جائے گی۔ ڈائریکٹر ریسرچ چیز سکیورٹیز یوسف فاروق نے کہا کہ پاکستان ایک اور سیاسی عدم استحکام برداشت نہیں کرسکتا، اگر سیاسی استحکام نہ آیا تو اسٹاک مارکیٹ اور یورو بانڈز کی قدر گر جائے گی، معاشی استحکام اور آئی ایم ایف سے تعلقات نئی حکومت کیلئے سب سے بڑے چیلنج ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 53

احمد وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل ہیں۔ ظاہر شاہ طورو یا شکیل احمد کو وزیر اعلیٰ بنانے کے لیے عاطف خان اور اسد قیصر سرگرم ہیں۔ ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور کو وزیر اعلیٰ بنانے کے لیے تیمور جھگڑا اور کامران بنگش، محمود جان کے لیے کوشاں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہماری 182 سیٹیں بنتی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی پر پابندیاں تھیں، مہم نہیں کرنے دی گئی، انتخابات والے دن کیمپ نہیں لگانے دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے بینگن اور چمٹا جیسے انتخابی نشان دیے، انتخابات میں عوام نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہے، ہم نے فارم 45 اکٹھے کیے ہیں، ہماری 182 سیٹیں بنتی ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ رہنما ایم کیو ایم ایک نشست بھی نہیں جیتی، ہماری جیتی ہوئی نشستیں ایم کیو ایم کو دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز اور پنجاب میں حکومت بنانے کے لیے ہمیں اتحاد کی ضرورت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

انتخابات کرانے کی آئینی ذمہ داری پوری کرنے میں مکمل ناکام ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں مرکزی لیڈر شپ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب امرا لیاقت بلوچ، راشد نسیم، ڈاکٹر فرید پراچہ، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل اظہر اقبال حسن، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری بھی اس موقع پر موجود تھے

بعدالت جناب واصف بشیر کھوکھر صاحب ایڈیشنل کمشنر گجرات ڈویژن گجرات

نگرانی محکمہ مال

عنوان: زاہدہ بی بی بنام محمد اصغر وغیرہ

اشتہار بنام: محمد اصغر ولد غلام حسین، علی اصغر ولد محمد اصغر قوم آرائیں اکنائے چوک نواب صاحب سرکلر روڈ گجرات، افضال احمد، فیاض احمد، سجاد احمد پسران زرینہ بی بی دختر ارشاد احمد متوفی، زاہدہ بی بی دختر عنایت اللہ، محمد نذیر، محمد یوسف، نصر اللہ خاں پسران تسیم بی بی، منذیر بیگم دختران برکت علی، محمد مالک، محمد شفیع پسران حاکم علی، محمد بشیر، محمد منیر، محمد ظہیر، مشتاق احمد پسران، ارشاد بی بی، ممتاز بی بی، قمر النساء دختران غلام قادر، محمد یوسف خاوند، احمد خاں ولد محمد خاں، گلزار احمد، مظہر اقبال پسران رحمت خاں، افتخار احمد، اشفاق احمد پسران بشیراں بی بی، سیف اللہ ولد رحمت خاں، محمد بشیر ولد غلام رسول، مذہرہ بی بی بیوہ، شہباز حسین، مظہر حسین عابدہ پروین دختر عاشق حسین اقوام جٹ ساکنائے غازی چک تحصیل و ضلع گجرات، خالدہ پروین دختر عاشق حسین ساکنائے گورالی تحصیل وضلع گجرات، آسیہ پروین دختر عاشق حسین قوم جٹ وڑائچ ساکن نارووالی تحصیل و ضلع گجرات، شہناز اختر بیوہ، بلال انور، شیر علی، وقاص انور پسران، سویرا انور دختر محمد انور اقوام جٹ وڑائچ ساکنائے غازی چک تحصیل و ضلع گجرات، شائزہ انور، سائرہ ممتاز دختران انور، ظفر اقبال ولد رحمت خاں، محمد بشیر ولد غلام رسول، محمد بی بی بیوہ سردار، محمد الیاس، محمد ممتاز، محمد انور پسران اللہ دتہ، انور ولد رحمت خاں، رسول بی بی دختر سردار، نبیلہ شاہد دختر عنایت قوم جٹ وڑائچ ساکن میانوالی بنگلہ تحصیل وضلع گوجرانوالہ، امتیاز احمد، ریاض احمد، محمد شفیق، نوید احمد پسران، رضیہ بی بی، ساجدہ بیگم، زرینہ بی بی دختران احمد خاں، صغراں بی بی بیوہ امام دین، اشفاق حسین ولد محمد شریف، آفتاب احمد، مہتاب احمد پسران محمد معصوم، آمنہ بی بی بیوہ محمد شریف، عنایت بی بی، خورشید بی بی دختران جلال، محمد حسین ولد نواب، فاروق علی ولد غلام علی، رسول بی بی بیوہ، نصرت بی بی دختر محمد عنایت قوم جٹ وڑائچ ساکن برج تحصیل وزیر آباد، اللہ دتہ، محمد بوٹا پسران سردار خاں، اعجاز احمد ولد نذر محمد، نثار احمد ولد محمد شفیع اقوام جٹ وڑائچ ساکنائے غازی چک تحصیل وضلع گجرات، بشری پروین، نسیم اختر دختران، غلام علی پسر عنایت، سمیع اللہ ولد محمد حسین، احمد خاں ولد محمد خاں، صغری بی بی بیوی امام دین، اشفاق حسین ولد محمد شریف، آفتاب احمد، مہتاب احمد پسران، آمنہ بی بی بیوہ محمد شریف، محمد قیوم، انجم محمود پسران سکینہ بی بی، منزہ بی بی، حمیدہ بی بی، روبینہ کوثر دختران امام دین قوم راجپوت، شفقت علی ولد غلام علی، مشتاق احمد ولد غلام حسین اقوام جٹ وڑائچ ساکن چک غازی تحصیل وضلع گجرات، ندیم اختر ملہی ولد غلام حیدر قوم جٹ ملہی ساکن لنڈپور گجرات، محمد عبداللہ متوفی ولد محمد عالم بذریعہ وارثان، صفدر حسین، مسرت عباس، تصور عباس، پسران، ریحانہ کوثر، کشور سلطانہ دختران محمد عبداللہ متوفی، محمد بشیر ولد غلام رسول بذریعہ وارثان محمد نصیر، ندیم عباس، قمر عباس، محمد خرم پسران، صائمہ بی بی، نبیلہ بی بی، شازیہ دختران محمد بشیر متوفی، خورشید بیگم متوفیہ بذریعہ وارثان، غلام رسول خاوند، ذکاء اللہ، مشتاق احمد، ظہیر آصف پسران، فرخندہ بی بی دختر خورشید بیگم متوفیہ، عنایت بیگم متوفیہ بذریعہ وارثان، ثناء اللہ پسر، سیما بی بی، شہناز بی بی، زبیدہ بی بی دختران عنایت بیگم متوفیہ، ارشد محمود، فیصل محمود، عثمان حیدر، فلک شیر پسران عنایت اللہ قوم جٹ وڑائچ ساکنائے غازی چک تحصیل وضلع گجرات

انتخابات میں عوام نے ن لیگ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، عظمیٰ بخاری

آزاد امیدوار پارٹی نہیں ہوتے، مسلم لیگ ن پارٹی ہے، آزاد امیدوار بڑی تعداد میں مسلم لیگ ن میں شامل ہو رہے ہیں

ترقی کے ایجنڈے کو ووٹ دیا، مسلم لیگ ن اکثریتی جماعت بن کر ابھری ہے، تحریک فساد کیخلاف ساڑھے 4 کروڑ ووٹ پڑا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کی رہنما عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ انتخابات میں عوام نے ن لیگ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیگی رہنما عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ آزاد امیدوار پارٹی نہیں ہوتے، مسلم لیگ ن پارٹی ہے، آزاد امیدوار بڑی تعداد میں مسلم لیگ ن میں شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ ن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ترقی کے ایجنڈے کو ووٹ (بقیہ نمبر 28)

لاہور، مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان اور حکیم طارق محمود چغتائی ایل سی سی آئی میں ملاقات کر رہے ہیں

مذہبی جماعتوں کے انتخابی نتائج تبدیل ہونا لمحہ فکریہ ہے، سنی علماء کونسل

دھاندلی زدہ نتائج پر بننے والی حکومت ملک میں استحکام نہیں لاسکے گی، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ مذہبی جماعتوں کے انتخابی نتائج تبدیل ہونا لمحہ فکریہ ہے، پاکستان میں جمہوریت کے نام پر عوام سے ہمیشہ انکا حق چھینا گیا اب مذہبی جماعتیں ٹارگٹ بنیں، دھاندلی زدہ نتائج پر بننے والی حکومت ملک میں استحکام نہیں لا سکے گی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ مذہبی جماعتوں سے ا(بقیہ نمبر 29)

ملک میں جے یو آئی کے مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا، افضل خان

انتخابات میں جے یو آئی کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی گئی، ہم دھاندلی زدہ نتائج کو مسترد کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک میں جے (بقیہ نمبر 30)

سیاسی ومعاشی بے یقینی، پاکستانی کاروباری طبقے نے دبئی کا رخ کرلیا

کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ پاکستانی لوگ دبئی کی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کررہے ہیں، انور خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی ومعاشی بے یقینی کے باعث پاکستانی کاروباری طبقے نے دبئی کا رخ کرلیا میڈیا رپوٹ کے مطابق دبئی میں کاروبار کرنے والے کراچی کے سرمایہ کار انور خواجہ نے کہا کہ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ پاکستانی لوگ دبئی کی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کررہے ہیں تاہم پاکستانیوں کی جانب سے وہاں تجارتی اور کاروباری اداروں کا قیام اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)

ہماری تو کوشش ہے کہ وزیراعظم اور صدر دونوں ہمارے ہوں، سید نوید قمر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سید نوید قمر نے کہا ہے کہ ہماری تو کوشش ہے کہ وزیراعظم اور صدر دونوں ہمارے ہوں۔ ایک انٹرویو میں پیپلز پارٹی کے رہنما نوید قمر نے کہا کہ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ کافی امیدوار کامیاب ہوکر آئے ہیں، یہ عوام کا ری ایکشن ہے۔ انہون نے کہا کہ ان ارکان کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، چاہے وہ حکومت کا حصہ بنیں یا اپوزیشن کا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تو کوشش ہے کہ وزیراعظم اور صدر دونوں ہمارے ہوں۔

ایم کیو ایم کی 17 نشستیں حکومت سازی کیلئے اہم ہیں، امین الحق

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر سید امین الحق نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی 17 نشستیں حکومت سازی کیلئے اہم ہیں، ایم کیو ایم کے دروازے تمام سیاسی جماعتوں کے لئے کھلے ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر سید امین الحق نے کہا کہ کوئی دوسری جماعت رابطہ کرتی ہے تو دوبارہ سوچنا پڑے گا، فیصلہ رابطہ کمیٹی اور جنرل ورکرز اجلاس میں ہوگا۔ واضح رہے کہ این اے 246 کراچی غربی کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے امین الحق نے جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 25)

کراچی، مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ملزم زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے قیوم آباد کے قریب 2 موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو شہریوں کو لوٹنے میں مصروف تھے کہ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی، پولیس کو دیکھتے ہی ملزموں نے فائرنگ شروع کردی، جوابی کارروائی کے دوران ایک ملزم گولیاں لگنے سے زخمی ہوگیا۔

لاہور، جناح پولو کپ کا فائنل جیتنے والی ڈیم ڈی ایس پولو کا مہمان خصوصی گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن اور دیگر کا گروپ فوٹو

اقدامات کا تسلسل رہا تو اربوں ڈالرز ریونیو ہوگا، ڈاکٹر عمر سیف

آئی ٹی وٹیلی کام سیکٹر پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت اختیار کر چکے، گزشتہ 60 روز میں آئی ٹی ایکسپورٹ میں 32 فیصد کا ریکارڈ اضافہ ہوا

حکومت کا جلد قیام ملک وقوم اور معاشی استحکام کیلئے ضروری ہے، وزیر آئی ٹی کی عام انتخابات میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کے تمام نومنتخب ارکان کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وزیر آئی ٹی ڈاکٹر عمر سیف نے کہا ہے کہ ہمارے تمام اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا گیا تو اربوں ڈالرز ریونیو حاصل ہو سکتا ہے۔ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انھوں نے آئی ٹی ایسوسی ایشن (پاشا) کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عمر سیف کی عام انتخابات میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کے تمام نومنتخب ارکان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کا جلد قیام ملک (بقیہ نمبر 22)

لاہور، ہربنس پورہ نواز پارک میں بجلی کی لٹکتی ہوئی تاریں لیسکو انتظامیہ کی غفلت کی نشاندہی کر رہی ہیں

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے کیلئے سیکورٹی ہائی الرٹ

داخلی راستوں پر جانچ پڑتال کے عمل کو سخت کرنے کے ساتھ پولیس کی چاک وچوبند دستے تعینات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹیل پولیس نے موجودہ حالات کے پیش نظر ہائی سیکورٹی زون میں کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے کے لئے سیکورٹی ہائی الرٹ کردی ہے، داخلی راستوں پر جانچ پڑتال کے عمل کو سخت کرنے کے ساتھ پولیس کی چاک و چوبند دستے تعینات کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی (بقیہ نمبر 17)

کراچی: کروڑوں روپے مالیت کے موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی

وین ٹیپو سلطان کے علاقے پارساٹاور کے قریب لاوارث حالت میں برآمد، مقدمہ درج کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے فیروز آباد میں موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی جن کی مالیت دو کروڑ روپے بتائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے فیروز آباد میں دو کروڑ روپے مالیت کے موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی۔ کوریئر کمپنی کی ڈیلیوری وین صدر کے علاقے سے موبائل فون لے کر نکلی تھی کہ ملزمان نے فیروز آباد میں سائیڈ مار کر ڈیلیوری وین کو روکا اور (بقیہ نمبر 16)

چیئرمین خارجہ امور کمیٹی امریکا کا پاکستانی الیکشن میں فراڈ کے الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان کی خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین نے کہا ہے کہ پاکستان کے انتخابات میں کرپشن یا فراڈ کے الزامات کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے۔ مائیکل مک کال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ الیکشن میں کرپشن یا فراڈ کے ذمے داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا پاکستانی عوام کے جمہوری حکومت کیانتخاب کے حق اور ایسی جمہوری منتخب حکومت کی حمایت کرتا ہے جو قانون کی حکمرانی، انسانی حقوق کا احترام کرتی ہو۔

سیکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کا الزام، پی پی کے کامیاب امیدوار عرفان ظفر لغاری زیر حراست

دادو (این این آئی) دادو میں سیکیورٹی اہل کاروں پر فائرنگ کے الزام میں قومی اسمبلی کی نشست پر پیپلز پارٹی کے کامیاب امیدوار عرفان ظفر لغاری کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پیپلز پارٹی رہنما فیاض بٹ اور قمر لغاری کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ فائرنگ کا واقعہ ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب ٹیکنیکل کالج میہڑ کے باہر پیش آیا تھا۔ گرفتار افراد کے خلاف سرکار کی مدعیت میں دہشت (بقیہ نمبر 18)

پشاور میں کرکٹ میچ کے دوران جھگڑا، فائرنگ میں 2 افراد جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور کے نواحی علاقے میں کرکٹ میچ کیدوران جھگڑے میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق اور بچے سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ پشاور کے علاقے انقلاب خٹکو پل کے قریب پیش آیا، کرکٹ میچ کے دوران جھگڑے کے بعد ایک فریق کے افراد دوسرے کے گھر شکایت لیکر پہنچے تو فائرنگ کی گئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 15)

Faiz Festival
فیض فیسٹول

لاہور، فیض فیسٹول میں شریک ادیب شعراء اور دانشور اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

الیکشن میں کسی پارٹی کو پورا مینڈیٹ نہ ملنا بدقسمتی ہے، پاکستان اکانومی واچ

کمزور حکومت کے لئے سیاسی ومعاشی استحکام چیلنج ہوگا، ڈاکٹر مرتضیٰ مغل

کراچی (این این آئی) پاکستان اکانومی واچ کے صدر ڈاکٹر مرتضیٰ مغل نے کہا ہے کہ الیکشن میں کسی پارٹی کو پورا مینڈیٹ نہ ملنا بدقسمتی ہے۔ کسی پارٹی کو سادہ اکثریت نہ ملنے کی وجہ سے نئی حکومت کے لئے ملک میں سیاسی ومعاشی استحکام یقینی بنانا اور مشکل فیصلے کرنا ایک چیلنج ہوگا۔ اس وقت بڑی پارٹیوں اور آزاد امیدواروں کے مابین جوڑ توڑ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ہارنے والے الیکشن میں دھاندلی کے الزامات لگا رہے ہیں۔ متعدد مغربی ممالک بھی اس سلسلہ میں اپنی تشویش کا اظہار کر رہے ہیں جو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور قابل مزمت ہے۔ یہ وہی مغربی ممالک ہیں جو نہ صرف فلسطینیوں کے قتل عام پر گونگے بنے ہوئے ہیں بلکہ اسرائیل کی ہر ممکن مدد بھی کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر مرتضیٰ مغل نے یہاں (بقیہ نمبر 27)

امت مسلمہ کو متحد ہونے کی ضرورت ہے، صاحبزادہ ولید رضا

نوجوان اسلام کا پیغام ہر گھر تک پہنچائیں، راؤ عبدالرحمٰن، کا شان رسول کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) طلباء اسلام کراچی کے تحت سالانہ شان رسول کانفرنس جامع مسجد مسلم ٹاؤن میں منعقد ہوئی جس میں جے یو پی یوتھ ونگ کے صدر راؤ عبدالرحمٰن، مسرور ہاشمی خانی، پروفیسر تنویر احمد ملک، شفیق احمد عباسی، مہربان علی، مفتی عدیل قادری، مولانا اصغر بخش تونسوی، عبدالرشید تونسوی، نثار احمد نقشبندی، طاہر قادری، زوہیب اشرفی، حافظ احسن قادری، قاری محسن قادری، معیز مصطفیٰ قادری، اویس بابا، ازعان شیخ حسینی، اسامہ قریشی و دیگر نے شرکت کی۔ سالانہ شان رسول کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سرپرست اعلیٰ صاحبزادہ ولید رضا شہیدی، راؤ عبدالرحمٰن نے کہا کہ آپؐ کی شان (بقیہ نمبر 26)

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں طلوع آفتاب کا خوبصورت منظر

الیکشن کمیشن مذہبی جماعتوں کے تحفظات کا جائزہ لے، متحدہ علما کونسل

ملک کے موجودہ انتخابات میں مذہبی جماعتوں کا مینڈیٹ چوری ہونا لمحہ فکریہ اور قابل تشویش ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ الیکشن کمیشن مذہبی جماعتوں کے تحفظات کا جائزہ لے، الیکشن کمیشن ملک بھر میں انتخابات کی شفافیت پر اٹھنے والے عوامی سوالات کا فوری جواب دے، ملک کے موجودہ انتخابات میں مذہبی جماعتوں کا مینڈیٹ چوری ہونا لمحہ فکریہ اور قابل تشویش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نتائج کو تبدیل کر کے ملک کو انارکی اور بدامنی کی طرف لے جانے والی قوتیں عوام دشمن ہیں۔ الیکشن کمیشن، عدلیہ اور مقتدر قوتیں نتائج کو تبدیل کرنے کے ذمہ دار ہیں

مینڈیٹ واپس لینے کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، مسرت جمشید

عوامی مینڈیٹ کی چوری پر پرامن احتجاج کو کوئی اور رنگ دینے کی سازش کی جا رہی تھی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے عوامی مینڈیٹ کی چوری پر پرامن احتجاج کی کال دی گئی تھی لیکن 9 مئی کی طرح دوبارہ فالس فلیگ آپریشن کر کے انتشار اور بدامنی پھیلانے کی سازش کی جارہی تھی۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اسی کے پیش نظر احتجاج موخر کر کے صرف ریٹرننگ افسروں (بقیہ نمبر 24)

لیاری: جشن منانے کے دوران پی پی کارکنان آپس میں لڑ پڑے

مسلح افراد کی سول اسپتال میں ہنگامہ آرائی اور اندھا دھند فائرنگ سے اسپتال میں خوف ہراس پھیل گیا

کراچی (این این آئی) لیاری میں پیپلز پارٹی کے عام انتخابات میں کامیابی پر جشن منانے کے دوران دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 4 کارکنان زخمی ہوگئے۔ چاکیواڑہ نمبر 2 شیل پیٹرول پمپ کے قریب پیپلز پارٹی کی جیت کی خوشی میں جشن کی تقریب کے دوران کارکنان کے آپس میں جھگڑے کے دوران چار افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں کارکنان ایک مرتبہ پھر آپس (بقیہ نمبر 23)

شیخوپورہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ، 3 افراد جاں بحق

2 افراد زخمی ہوگئے، آئی جی پنجاب عثمان انور نے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ میں نامعلوم افراد کی پراپرٹی ڈیلر کے دفتر میں فائرنگ سے 2 بھائیوں سمیت 3 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے، آئی جی پنجاب عثمان انور نے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی۔ تفصیلات کے مطابق خان پور میں نامعلوم افراد پراپرٹی ڈیلر کے دفتر میں داخل ہوئے اور فائرنگ شروع کردی، فائرنگ کے نتیجے میں 2 بھائی نوید ڈوگر اور فاروق ڈوگر سمیت تین افراد (بقیہ نمبر 21)

دہری شہریت کی وجہ سے الیکشن میں حصہ نہیں لیا، حیدر عباس رضوی

دہری شہریت ختم کرنے میں 14 ماہ کا وقت لگے گا، رہنما ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ دوہری شہریت کی وجہ سے الیکشن میں حصہ نہیں لیا، دوہری شہریت ختم کرنے میں 14 ماہ کا وقت لگے گا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حیدر عباس رضوی نے کہا کہ 5 سال تک مجبورا جلاوطنی کاٹی ہے، اب 3 سال سے پاکستان میں ہوں، والدہ بھی انتقال کر گئیں۔ الیکشن کے بعد حکومت سازی کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ جو بھی وزیراعظم بنے وہ کراچی کا دکھ سمجھے، سابق وزیراعظم نے کراچی میں 24 گھنٹے بھی نہیں گزارے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی قیادت لاہور میں موجود ہے، ن لیگ اور ایم کیو ایم کی پہلے سے ملاقاتیں (بقیہ نمبر20)

راولپنڈی، تھانہ کینٹ پولیس کی کارروائی

چوری اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

7 مسروقہ موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں شیراز، پرویز اور خالد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ 7 موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد ہوئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے ایس ایچ او کینٹ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 19)

لاہور، قرطبہ چوک میں کبوتر دانہ چک رہے ہیں

شکارپور، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، نعش ہسپتال منتقل کردی گئی

شکار پور (این این آئی) شکار پور میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو موت کے گھاٹ اتار دیا ہے۔ فائرنگ کا افسوسناک واقعہ شکار پور کے نواحی گاؤں میں پیش آیا جہاں پر نامعلوم مسلح افراد نے اپنے گھر کے باہر موجود ایک شخص کو گولیاں ماردیں جس کے نتیجے میں وہ موقع پر دم توڑ گیا، فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد پولیس کی نفری موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے جائے وقوعہ کا جائزہ لینے (بقیہ نمبر 14)

مصنوعی ذہانت عالمی سطح پر، چین پاکستان اسمارٹ سٹی کے قیام میں تعاون

پاکستان میں اسمارٹ شہروں کی ایپلی کیشن شروع کر رہے ہیں، ڈائریکٹر پی آئی این ایس لیب

اسلام آباد (این این آئی) بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کی مشترکہ تعمیر کے تناظر میں چینی اور پاکستانی محققین مصنوعی ذہانت (اے آئی) ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے پاکستان کو اسمارٹ اور محفوظ شہروں کی تعمیر میں مدد دے رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق سال 2022 کے آغاز میں سی پی آئی این ایس لیب کو نسٹ اور گوانگژو انسٹی ٹیوٹ آف سافٹ ویئر ایپلی کیشن ٹیکنالوجی کی مشترکہ کاوشوں سے پاکستان نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) میں باضابطہ طور پر قائم کیا گیا۔ اس وقت مختلف تحقیقات منظم انداز میں جاری ہیں۔ سی پی آئی این ایس لیب (بقیہ نمبر 13)

چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف وڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ملک کی بدقسمتی پارلیمنٹ کو کاروبار کا مرکز بنا دیا گیا، اشرف گجر

سوچے سمجھے منصوبے کے تحت جمیعت علما اسلام کا مینڈیٹ چھین کر آزاد امیدوار کی جھولی میں ڈالا گی

لاہور (این این آئی) جمیعت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا محمد اشرف گجر نے کہا ہے کہ ملک کی بدقسمتی پارلیمنٹ کو کاروبار کا مرکز بنادیا گیا، انتخابی نتائج میں پسند کے امیدواروں کو مسلط کرنا ملک وعوام کیساتھ زیادتی اور دشمنی کے مترادف ہے، سوچے سمجھے منصوبے کے تحت جمیعت علما اسلام کا مینڈیٹ (بقیہ نمبر1)

دھاندلی زدہ الیکشن کو مسترد کرتے ہیں، قاری اعظم حسین

مذہبی جماعتوں کے مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا سوچی سمجھی سازش سے مذہبی جماعتوں کو ہرایا گیا

لاہور (این این آئی) جمیعت علمائے اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ دھاندلی زدہ الیکشن کو مسترد کرتے ہیں، آزاد امیدواروں کی کامیابی کے بعد خرید وفروخت کی جو منڈی لگے گی وہ افسوسناک عمل ہے، مذہبی جماعتوں کے مینڈیٹ پر شب خون (بقیہ نمبر2)

لاہور، مختلف مقامات سے کارآمد اشیاء تلاش کر کے رزق کمانے والا محنت کش سائیکل پر اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 268 گیس کنکشنز منقطع، 40 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 268 گیس کنکشنز منقطع جبکہ 40 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گھریلو کنکشنز منقطع کیے گئے، راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 40 کنکشنز جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 6 گیس کنکشنز منقطع کیے گئے اور 2 لاکھ 80 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ (بقیہ نمبر 3)

پی ڈی پی کے چیئرمین الطاف شکور کی انتخابات میں جیتنے والے امیدواروں کو مبارکباد

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے عام انتخابات کے نتائج کے بعد بڑھتے ہوئے سیاسی پولرائزیشن پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزید سیاسی لڑائی کے بجائے وسیع البنیاد قومی حکومت، معاشی استحکام اور انتخابی اصلاحات خاص طور پر متناسب انتخابی نظام کے لیے قوم کی بہترین خدمت کرے گی، معیشت کو تمام سیاسی معاملات پر فوقیت دی جائے (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، 3 ملزمان سے 2 کلو سے زائد چرس اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 2 کلو سے زائد چرس اور اسلحہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم یاسر سے 1 کلو 270 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم حمزہ سے 1 کلو 200 گرام چرس، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 1 پستول 30 بور معہ (بقیہ نمبر 5)

اوپن مارکیٹوں میں سرکاری نرخنامہ صرف دکھاوے کیلئے آویزاں رہا

دکانداروں نے سبزیوں اور پھلوں کی مرضی کے نرخوں پر فروخت جاری رکھی

لاہور (این این آئی) شہر کی اوپن مارکیٹوں میں سرکاری نرخنامہ صرف دکھاوے کیلئے آویزاں رہا، دکانداروں نے سبزیوں اور پھلوں کی مرضی کے نرخوں پر فروخت جاری رکھی، حکومت کے زیر انتظام بازاروں میں سبزیاں اور پھل سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت ہوئے تاہم خریداروں کی جانب سے اشیاء کے معیار کی شکایات دیکھنے میں آئیں۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 45 روپے فی کلو مقرر کی گئی تاہم مختلف اوپن مارکیٹوں میں دکاندار 65 سے 70 روپے کلو فروخت کرتے رہے، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم 40 کی بجائے 55 سے 60، آلو کچا چھلکا نیا درجہ سوم 35 کی بجائے 40 سے 50، پیاز درجہ اول 205 کی بجائے 270 سے 280، پیاز درجہ دوم 190 کی بجائے 220 سے 230، پیاز درجہ سوم 175 کی بجائے 190، ٹماٹر (بقیہ نمبر 6)

لاہور، حضرت بابا نظام شاہ مجذوب کے سالانہ عرس کے موقع پر حاجی یوسف، عمران یوسف ودیگر چادر پوشی کر رہے ہیں

لاڑکانہ میں خونی تصادم، اے ایس آئی سمیت 3 افراد جاں بحق

نوڈیرو میں ووٹ دینے کے معاملے پر دو گروپوں کی لڑائی پرتشدد واقعہ میں تبدیل ہوگئی، دونوں جانب سے فائرنگ اور لاٹھیوں کا بے دریغ استعمال

فائرنگ کا سلسلہ رات دیر سے شروع ہوا اور علاقہ میدان جنگ بن گیا، علاقے میں تاحال صورتحال کشیدہ، پولیس کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی

لاڑکانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) لاڑکانہ کے علاقے نوڈیرو چوک کے قریب دو گروہوں میں ووٹ دینے کے معاملے پر تصادم سے اے ایس آئی سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ لاڑکانہ کے علاقے نوڈیرو میں ووٹ دینے کے معاملے پر دو گروپوں کی لڑائی پرتشدد واقعہ میں تبدیل ہوگئی، دونوں گروپوں کی جانب سے فائرنگ اور لاٹھیوں کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ واقعہ میں ڈی ایس پی اور اے ایس آئی سلطان شاہ شہری حسن چانڈیو اور عمران ڈہانی شدید زخمی (بقیہ نمبر 7)

شاہدرہ ٹاؤن کے علاقہ سے خاتون کی لاش برآمد

60 سالہ راہگیر خاتون حرکت قلب بند ہونے سے جاں بحق ہوئی

لاہور (این این آئی) شاہدرہ ٹاؤن میں قاضی پارک سے خاتون کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق 60 سالہ راہگیر خاتون حرکت قلب بند ہونے سے جاں بحق ہوئی جس کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کارروائی کے بعد لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردی گئی۔

لاہور، مقامی پارک میں کھلے گلاب کے پھول خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

ڈمپر کی رکشے کو ٹکر سے 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کی شناخت نہ ہوسکی، لاشیں مردہ خانے منتقل

رائے ونڈ (این این آئی) لاہور روڈ پر ڈمپر کی رکشے کو ٹکر سے 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور روڈ پر تیز رفتار ڈمپر نے رکشے کو ٹکر ماردی جس سے 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی جس نے زخمی اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کردیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس نے جائے وقوعہ کا جائزہ لینے کے بعد (بقیہ نمبر 10)

لاہور، بااثر افراد نے چوری کی واردات کا پتہ لگانے کیلئے اپنی عدالت لگا لی

تشدد کے واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر شاہدرہ پولیس نے مرکزی ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (این این آئی) شاہدرہ میں بااثر افراد نے چوری کی واردات کا پتہ لگانے کے لئے اپنی عدالت لگا لی۔ تشدد کے واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر شاہدرہ پولیس نے مرکزی ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ملزمان شہری عرفان کو چوری کے شبہ میں پکڑتے ہیں اور اس پر تشدد کرتے ہوئے زنجیروں سے جکڑ دیتے ہیں۔ ملزمان نے تشدد کے دوران سر کے بال اور بھنوئیں بھی (بقیہ نمبر 11)

لاہور، باغ جناح کی سیر کیلئے آنیوالے بچے کھیل کود میں مصروف ہیں

تنہائی انسان کیلئے ایک روز میں 15 سگریٹ پینے سے بھی زیادہ خطرناک قرار

مکوآنہ (این این آئی) تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ تنہائی انسان کیلئے ایک روز میں 15 سگریٹ پینے سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی ماہرین کا کہنا ہے کہ کورونا کے دور میں تنہائی کے گہرے احساس نے لاکھوں امریکیوں کو متاثر کیا ہے، کورونا وبا کے باعث بہت سے لوگ تنہائی میں چلے گئے تھے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ریاست ہائے متحدہ امریکا میں تقریباً 50 فیصد لوگ تنہائی سے متاثر ہوئے، یہی وجہ ہے (بقیہ نمبر8)

فیصل آباد میں خواتین کے اغواء وزیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں خواتین کے اغواء وزیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ، مخالفین سے ساز باز ہو کر شہریوں کو جھوٹے مقدمات میں بھی ملوث کرنے کے انکشاف، بے گناہ شہریوں کے خلاف زیادتی کا مقدمہ درج کرنے کے بعد انہیں مٹھی گرم ہونے کے بعد ڈسچارج کروا کر رہائی کا پروانہ دے دیا جاتا ہے بعد ازاں متعلقہ مقدمہ کے تفتیشی افسران مقدمہ میں عدم پتہ کی رپورٹ بنا کر اپنی چالان جمع کروانے کی ذمے داری سے جان چھڑوا لیتے ہیں، خواتین سے زیادتی کیسز میں زیادہ تر مقدمات ابتدائی سطح پر ہی ختم ہو کر رہ جاتے ہیں (بقیہ نمبر 9)

پاکستان میں بیروزگار افراد کی تعداد کتنے لاکھ سے تجاوز کرگئی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں بیروزگار افراد کی تعداد 45 لاکھ سے تجاوز کر گئی، 5 کروڑ 18 لاکھ لیبر فورس ہے جس میں سے 6 کروڑ 72 لاکھ برسرروزگار ہیں، سیلاب سے تباہ طبی مراکز کی بحالی 40 ارب 29 کروڑ روپے سے جاری ہے تفصیلات کے مطابق اکنامک سروے کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 9 مہینوں کے دوران نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے (بقیہ نمبر 12)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226